© rasailojaraid.com



## تبصرہ نگار: ن-ر

تبصرے کے لئے کتاب کے دو نسخے ارسال کرنا ضروری ہے۔ پمفلٹ نما کتابچوں پر تبصرہ نہیں کیا جائے گا۔ (ادارہ)

**راہ عمل:** تالیف: مولانا خالد سیف اللہ رحمانی، ناشر: زمزم پبلشرز، صفحات، جلد اول، جزء اول: ۳۶۶ جزء دوم: ۲۱۲، جزء سوم: ۲۷۰، جلد ثانی، جزء اول: ۲۲۴، جزء دوم، ۲۶۰، سائز 23x36/16، قیمت 600 روپے

مولانا خالد سیف اللہ رحمانی صاحب کی شخصیت برصغیر پاک و ہند میں محتاج تعارف نہیں، ان کے نام و کام سے ہر شخص بخوبی واقف ہے، فتویٰ میں ان کا نام مستند حوالہ کی حیثیت رکھتا ہے، ان کے آبگینۂ قلم سے اب تک متعدد علمی و تحقیقی کتب منصۂ شہود پر آچکی ہیں۔

ان کا دائرہ کار صرف مدارس تک محدود نہیں، بل کہ عوام کی اصلاح وارشاد کے سلسلے میں بھی وہ قابل قدر خدمات انجام دے رہے ہیں، اور اس میدان میں بھی ان کی مساعی بارآور ثابت ہو رہی ہیں، چنانچہ وہ کئی سالوں سے ہندوستان میں اُردو کے کثیر الاشاعت اخبار روزنامہ ''منصف'' حیدرآباد کے منارۂ نور ایڈیشن میں ''شمع فروزاں'' کے عنوان سے مستقل کالم لکھ رہے ہیں، جس کی مقبولیت کا یہ عالم ہے کہ اس دن کا اخبار دیگر ایام کی بہ نسبت کئی ہزار زیادہ چھپتا ہے، یہ مضامین اصلاحی بھی ہوتے ہیں، ان میں مسلمانوں کی رہنمائی بھی ہوتی ہے اور ان کے مسائل کا تجزیہ بھی، معاشرتی مسائل پر اظہار خیال بھی اور نئے مسائل کا حل بھی، مسلمانوں کی پستی کے اسباب بھی بیان کئے جاتے ہیں اور آگے بڑھنے کا راستہ بھی دکھایا جاتا ہے۔

زیر تبصرہ کتاب انہی جواہر پاروں اور صدف ریزوں کا مجموعہ ہے، کتاب دو جلدوں میں ہے پہلی جلد تین، اور دوسری دو حصوں پر مشتمل ہے، پہلا حصہ ''نقوش موعظت'' کے عنوان سے ہے، جس میں حالات و واقعات سے متعلق مضامین شامل ہیں، جنہیں مؤلف موصوف نے درس عبرت کی شکل میں پیش کیا ہے اور ان میں موجود درس و موعظت کے پہلو کو نمایاں کیا ہے، اسی طرح کچھ مضامین دعوت سے متعلق بھی ہیں، جن میں غیر مسلموں میں دعوتی کام کی طرف مسلمانوں کو متوجہ کیا گیا ہے اور اس سے بابت غفلت و بے توجہی کے نقصانات کو واضح کیا گیا ہے۔

دوسرا حصہ ''حقائق اور غلط فہمیاں'' کے عنوان سے ہے، جس میں اسلام اور اس سے متعلق ملکی و عالمی سطح پر پھیلی


© rasailojaraid.com

